نظامت اعلیٰ تعلقات عامه
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Dated: 20 SEP 2024 Page No. 10

Bullet No. 1

## وزارت صحت کے قلمدان کو عوامی خدمت کا ذریعہ بناؤں گا، بخت محمد کاکڑ

**عوام کو انکی دہلیز پر صحت کی سہولیات کی فراہمی اولین ترجیح، بلاول بھٹو زرداری، میر سرفراز بگٹی کا شکریہ**

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ نے وزارت صحت بلوچستان کا قلمدان سنبھالنے پر بلاول بھٹو زرداری کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان پیپلز پارٹی نے ہمیشہ عوام کی خدمت کو اولین ترجیح دی ہے، شعبہ صحت میں پیپلز پارٹی کی خدمات قوم پر عیاں ہے۔ صوبائی وزیر نے وزیر اعلیٰ بلوچستان کا بھی شکریہ ادا کیا اور کہا کہ وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے جس اعتماد کا اظہار ان پر کیا ہے اس کو پایہ تکمیل تک پہنچا کر دم لیں گے۔ صوبائی وزیر صحت نے کہا کہ عوام کو انکی دہلیز پر صحت عامہ کی سہولیات کی فراہمی اور اس شعبہ کو عصر حاضر کے مطابق جدید خطوط پر استوار کرنا صوبائی حکومت کی ترجیحات میں سر فہرست ہے جس کی بہتری کے لیے تمام دستیاب وسائل کو بروئے کار لایا جائے گا، بلوچستان جیسے دور افتادہ اور پسماندہ صوبے میں صحت کی سہولیات کی فراہمی کے لیے زیادہ وسائل درکار ہیں مگر عوام کو ہرگز مایوس نہیں ہونے دیں گے، وزارت صحت کے قلمدان کو عوامی خدمت کا ذریعہ سمجھتے ہوئے خدمات انجام دیں گے، صوبائی وزیر نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی کی تاریخ عوامی خدمت اور جمہوریت کے لیے قربانیوں سے عبارت ہے۔ عوام کی خدمت کو پارٹی سیاست نہیں عبادت سمجھتی ہے۔

## بخت محمد کاکڑ کو محکمہ صحت کا قلمدان تفویض

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) ایس اینڈ جی اے ڈی کیبنٹ سیکشن کے نوٹیفکیشن کے مطابق وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے حکومت بلوچستان کے رولز آف بزنس 2012 کے قاعدہ 3 کے تحت صوبائی وزیر صحت سردار فیصل خان جمالی اور صوبائی وزیر لائیو اسٹاک اینڈ ڈیری ڈویلپمنٹ بخت محمد کاکڑ سے محکموں کے قلمدان واپس لے کر بخت محمد کاکڑ کو محکمہ صحت کا قلمدان تفویض کر دیا ہے جبکہ صوبائی وزیر سردارزادہ فیصل خان جمالی کو کسی محکمے کا قلمدان تفویض نہیں کیا گیا ہے۔

## سہولیات کی فراہمی کیلئے تمام وسائل استعمال کر رہے ہیں، سردار کھیتران

**عوام کا پیسہ لوگوں پر خرچ ہو رہا ہے، صوبائی وزیر کا حاجی کوٹ میں کھلی کچہری سے خطاب**

بارکھان (خ ن) صوبائی وزیر پی ایچ ای سردار عبدالرحمن کھیتران نے جمعرات کو آبائی علاقے حاجی کوٹ میں اپنی رہائش گاہ پر کھلی کچہری کا انعقاد کیا اور لوگوں کے مسائل سنے صوبائی وزیر نے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ عوام کو سہولیات کی فراہمی کیلئے تمام وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں ہسپتالوں میں جدید صحت کی سہولیات کی فراہمی اولین ترجیح ہے تاکہ لوگوں کو دور دراز کے ہسپتالوں میں جانا نہ پڑے عوام کا پیسہ عوام پر لگا رہے ہیں سردار کھیتران نے کہا کہ ترقیاتی منصوبوں میں اگر کسی کی غفلت کی نشاندہی ہوتی ہے تو ہم اس کی اصلاح کرینگے صوبائی حکومت اپنی آمدن میں اضافے کیلئے ٹھوس اقدامات کر رہی ہے۔

MASHRIQ QUETTA

## جامعات کے مسائل کے حل کیلئے اقدامات اٹھائیں گے، شعیب نوشیروانی

**یونیورسٹی سب کیمپسز کے ڈائریکٹرز کو ڈی ڈی او اختیارات دیئے جائیں، راحیلہ حمید خان درانی**

**جامعات کی فنانس کمیٹی کا اجلاس منعقدہ، اہم فیصلے، وائس چانسلرز کی شرکت**

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب احمد نوشیروانی اور صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید خان درانی نے کہا ہے کہ بلوچستان کی جامعات کے دیرینہ مسائل کے حل اور نئے کیمپس خاران، مستونگ اور پشین کے مالی معاملات کی بہتری اور ......... بقیہ 72 صفحہ نمبر 7 پر

جامعات کے آفیسران کی ترقیوں کے معاملات اور کنٹریکٹ ملازمین کو قانون کے مطابق مستقل کرنے کیلئے اقدامات اٹھائے جائیں گے ان خیالات کا اظہار صوبائی وزیر خزانہ کی صدارت میں صوبے کے جامعات کی فنانس کمیٹی کے منعقدہ اجلاس میں کیا گیا اجلاس میں صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید خان درانی، صوبے کی تمام جامعات کے وائس چانسلرز اور دیگر اراکین بھی موجود تھے اور دور دراز علاقوں کے وائس چانسلرز بذریعہ ویڈیو لنک اجلاس میں شریک ہوئے۔ اجلاس میں جامعات کے مالی معاملات اور کمیٹی نے اپنی مرتب کردہ سفارشات پیش کیں اور مستقبل کے منصوبوں کو عملی جامہ پہنانے کیلئے انتہائی اہم فیصلے کیے گئے جس میں صوبائی حکومت کی جانب سے ہر سال جامعات کو دی جانے والی گرانٹ ان ایڈ کو ایک فارمولے کے تحت تقسیم کیا جاتا رہا ہے۔ اور اس بابت تمام وائس چانسلرز اور کمیٹی کے اراکین نے تجویز دی کہ اس کو بہتر کرنے کی ضرورت ہے۔

Scanned with CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 20 SEP 2024 Page No. 13

## کوئٹہ کے شہری 2 ارب 77 کروڑ کا پانی پی گئے واجبات نہیں دیئے، ایم ڈی واسا

**شہریوں کی جانب سے واجبات کی عدم ادائیگی، واسا کے سالانہ اخراجات 4 ارب سے زائد کے ہیں، وصولی صرف اور صرف تین فیصد ہوئی ہیں**

**کنٹونمنٹ بورڈ پر واسا کے دو کروڑ 75 لاکھ روپے واجب الادا ہیں، نادہندگان کے خلاف جلد کریک ڈاؤن شروع کیا جا رہا ہے، ایم ڈی**

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ کے شہری واسا کے دو ارب 77 کروڑ روپے کا پانی پی گئے مگر واجبات ادا نہیں کئے محکمہ واسا کے سالانہ اخراجات چار ارب سے زائد کے ہیں جبکہ گھریلو صارفین سے واجبات کی وصولی صرف اور صرف تین فیصد ہیں ایم ڈی واسا حامد لطیف رانا نے میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ کوئٹہ کو یومیہ تین کروڑ 50 لاکھ گیلن پانی مہیا کیا جاتا ہے جس کیلئے سالانہ 78 کروڑ روپے کے بلز جاری کئے جاتے ہیں جبکہ کمرشل بقیہ نمبر 30 صفحہ 5 پر

بقیہ نمبر 30 صفحہ 5 پر

صارفین کو ملکر وصولی بمشکل بارہ کروڑ روپے تک ہوتی ہے جبکہ گھریلو صارفین سے بلز کی وصولی صرف تین فیصد ہے،،، ایم ڈی واسا حامد لطیف رانا نے بتایا کہ اس وقت کوئٹہ میں واسا کے صارفین پر دو ارب 77 کروڑ روپے کے واجبات ہیں جن میں کنٹونمنٹ بورڈ پر دو کروڑ 75 لاکھ کے واجبات ہیں،،، جن کو شہباز ٹاؤن میں واسا پانی فراہم کرتا ہے،، ایم ڈی واسا نے بتایا کہ ٹیوب ویلز لگا کر پانی فروخت کرنے والے ٹیوب ویلز مالکان بھی ٹیکس کی ادائیگی نہیں کر رہے ہیں، واسا نادھندگان کے خلاف جلد کریک ڈاؤن شروع کیا جا رہا ہے۔

## حوران بلوچ کی درخواست پر پھر پولیس کیخلاف مقدمہ درج کرنے کا حکم

**پولیس نے 11 جولائی کو پرامن ریلی میں شامل خواتین اور دیگر شرکاء پر تشدد کیا، فائرنگ کی**

کوئٹہ (یو این اے) وائس فار بلوچ مسنگ پرسن نے اپنے جاری کردہ بیان میں کہا ہے کہ ایڈیشنل سیشن جج کوئٹہ نے حوران بلوچ کی 22 اے کی درخواست پر ایک مرتبہ پھر پولیس کیخلاف ایف آئی آر درج کرنے کے احکامات جاری کردیئے۔ واضع رہے پولیس نے 11 جولائی کو ظہیر کی باحفاظت بازیابی کیلئے نکالی جانیوالی پرامن احتجاجی ریلیوں میں شامل خواتین اور دیگر شرکا پر لاٹھی چارج، شیلنگ، فائرنگ کیا تھا۔

Scanned with CamScanner

## اوستہ محمد: بھائی کی ہوس کا 8 ماہ تک نشانہ بننے والی 15 سالہ لڑکی تھانے جا پہنچی

**ڈرا دھمکا کر جنسی خواہش پوری کرتا، مزاحمت پر قتل کی دھمکیاں دیتا تھا، بہن کی درخواست پر ملزم گرفتار**

ڈیرہ مراد جمالی/ اوستہ محمد (نامہ نگاران) اوستہ محمد میں بھائی اپنی سگی بہن کو 8 ماہ تک اپنی ہوس کا نشانہ بناتا رہا، متاثرہ بہن نے تھانے جاکر بھائی کیخلاف مقدمہ درج کرا دیا، پولیس نے بروقت کاروائی کر کے مبینہ ملزم کو گرفتار کرلیا۔ جنسی زیادتی کا شکار لڑکی حاملہ ہوگئی ایس ایچ او ٹی عبدالروف جمالی کے مطابق کے اوستہ محمد میں بھائی اپنی 15 سالہ بہن کو 8 ماہ تک اپنی ہوس کا نشانہ بناتا رہا، متاثرہ لڑکی گھر سے فرار ہوکر گزشتہ روز تھانے پہنچ گئی ۔متعلقہ ایس ایچ او نے متاثرہ لڑکی کی درخواست پر اس کے بھائی خیر کو گرفتار کر کے مقدمہ درج کرلیا۔

لڑکی کے مطابق اس کا بھائی 8 ماہ سے اسے ڈرا دھمکا کر اسے اپنی ہوس کا نشانہ بناتا رہا۔ مذاحمت کرنے پر اسے قتل جیسی سنگین دھمکیاں دیکر خاموش کرو دیتا تھا۔ اس نے بتایا کہ وہ موقع پا کر بہن کے ہمراہ گھر سے نکل کر تھانہ پہنچی ہے، اسے انصاف وتحفظ فراہم کیا جائے۔ ایس ایچ او اوستہ محمد کے مطابق لڑکی کی درخواست پر پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے ملزم خیر محمد کو گرفتار کر کے متاثرہ لڑکی کا طبی معائنہ کرایا جس میں لڑکی سے جنسی زیادتی اور حاملہ ہونے کی تصدیق ہوئی۔ پولیس نے ملزم کا مقامی عدالت سے جسمانی ریمانڈ لے لیا ہے۔ دریں اثنا آئی جی بلوچستان نے واقعہ کا سختی سے نوٹس لے کر واقعہ کی تحقیقات کیلئے ایک انکوائری ٹیم تشکیل دے دی ہے۔

## کوئٹہ: کلی درانی میں فائرنگ کے تبادلے کے بعد ایک راہزن زخمی حالت میں گرفتار

**فائرنگ میں ایک راہگیر بھی زخمی، راہزن کے قبضے سے پستول برآمد، تین ساتھی فرار ہوگئے**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) گوالمنڈی کلی درانی میں پولیس نے فائرنگ کے تبادلے میں ایک راہزن کو زخمی حالت میں گرفتار کر کے اسلحہ قبضے میں لے لیا جبکہ تین ساتھی فرار ہوگئے پولیس کے مطابق گوالمنڈی تھانے ایگل اسکوارڈ کے جوان بدھ اور جمعرات کی شب کلی درانی میں معمول کی گشت کر رہے تھے اسی دوران دو موٹر سائیکلوں پر سوار چار مشکوک افراد کو روکنے کا اشارہ کیا موٹر سائیکل سوار جوانوں پر فائرنگ کرتے ہوئے کاسی قبرستان کی جانب فرار ہونے لگے جوانوں نے تعاقب کیا اسی دوران فائرنگ کا تبادلہ ہوا جس کے نتیجے میں ایک راہزن محمد جان زخمی ہوگیا جسے زخمی حالت میں گرفتار کر کے ایک نائن ایم ایم قبضے میں لے لی جبکہ تین ساتھی رات کی تاریکی کا فائدہ اٹھاتے ہوئے پہاڑی علاقے میں فرار ہوگئے۔

## مستونگ اور نوشکی میں دھماکوں سے خوف وہراس

کوئٹہ (آن لائن) مستونگ اور نوشکی میں نامعلوم مسلح افراد کا موٹروے پولیس اور قانون نافذ کرنے والے ادارے کے دفاتر پر 3 دستی بم پھینکے جو دفاتر کے احاطے میں گر کر زوردار دھماکوں سے پھٹ گئے تاہم کسی جانی مالی نقصان کی اطلاع نہیں ملی دھماکوں سے علاقے میں خوف و ہراس پھیل گیا تفصیلات کے مطابق گزشتہ شب نامعلوم افراد کی جانب سے موٹروے پولیس کے دفتر پر دستی بم پھینکا جو دفتر کے احاطے میں گر کر زوردار دھماکے سے پھٹ گیا تاہم کوئی جانی و مالی نقصان نہیں ہوا اسی طرح نوشکی میں نامعلوم ملزمان کی جانب سے سیکورٹی فورسز کے دفتر پر 2 دستی بم پھینکے گئے جو دفتر کے قریب گر کر زوردار دھماکوں سے پھٹ گئے تاہم کسی جانی و مالی نقصان کی اطلاع نہیں ملی دھماکوں سے علاقے میں خوف و ہراس پھیل گیا مزید کارروائی مقامی انتظامیہ کر رہی ہے۔

## کوئٹہ: گاڑی پر فائرنگ، لیویز اہلکار شہید

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) سریاب کسٹم کے قریب گاڑی پر نامعلوم افراد کی فائرنگ سے لیویز اہلکار شہید ہوگیا پولیس کے مطابق آب گم کا رہائشی بولان لیویز کا اہلکار کریم بخش ولد سید محمد گزشتہ شب گاڑی میں کوئٹہ سے آب گم جارہا تھا سریاب کسٹم کے قریب نامعلوم موٹر سائیکل سوار گاڑی پر فائرنگ کرتے ہوئے فرار ہوگئے، جس کے نتیجے میں وہ موقع پر ہی شہید ہوگیا، پولیس نے موقع پر پہنچ کر لاش کو ہسپتال پہنچایا جہاں ضروری کارروائی کے بعد لاش ورثا کے حوالے کردی گئی۔

MASHRIQ QUETTA

## مستونگ اور نوشکی میں دفاتر پر دھماکے، سریاب میں فائرنگ، ایک قتل

**پولیس اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے دفاتر پر 3 دستی بم پھینکے گئے، علاقے میں خوف وہراس پھیل گیا، جانی نقصان نہیں ہوا**

**سریاب کسٹم کے قریب نامعلوم مسلح افراد نے گاڑی پر فائرنگ کردی، ملزمان فرار، مقتول ریلوے کا پرائیویٹ گارڈ تھا، پولیس**

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) مستونگ اور نوشکی میں نامعلوم مسلح افراد کا موٹروے پولیس اور قانون نافذ کرنے والے ادارے کے دفاتر پر 3 دستی بم پھینکے جو دفاتر کے احاطے میں گر کر زوردار دھماکوں سے پھٹ گئے تاہم کسی جانی مالی نقصان کی اطلاع نہیں ملی دھماکوں سے علاقے میں......... بقیہ 33 صفحہ نمبر 7 پر

خوف و ہراس پھیل گیا تفصیلات کے مطابق گزشتہ شب نامعلوم افراد کی جانب سے موٹروے پولیس کے دفتر پر دستی بم پھینکا جو دفتر کے احاطے میں گر کر زوردار دھماکے سے پھٹ گیا تاہم کوئی جانی و مالی نقصان نہیں ہوا اسی طرح نوشکی میں نامعلوم ملزمان کی جانب سے سیکورٹی فورسز کے دفتر پر 2 دستی بم پھینکے گئے جو دفتر کے قریب گر کر زوردار دھماکوں سے پھٹ گئے تاہم کسی جانی و مالی نقصان کی اطلاع نہیں ملی دھماکوں سے علاقے میں خوف و ہراس پھیل گیا مزید کارروائی مقامی انتظامیہ کر رہی ہے۔ کوئٹہ کے علاقے سریاب کسٹم کے قریب نامعلوم افراد نے فائرنگ کر کے ایک شخص کو قتل کر دیا پولیس کے مطابق گزشتہ شب سریاب کسٹم کے قریب نامعلوم مسلح افراد نے گاڑی پر فائرنگ کردی جس کے نتیجے میں گاڑی میں سوار ایک شخص موقع پر ہلاک ہوگیا

## بارکھان میں ایک اور موبائل ٹاور نذر آتش

بارکھان (یو این اے) بارکھان میں ایک اور موبائل ٹاور نذر آتش' لیویز کے مطابق بارکھان میں ایک اور موبائل ٹاور نذر آتش کردیا گزشتہ کئی دنوں سے بارکھان میں موبائل ٹاورز کو نشانہ بنایا جارہا ہے اب تک چار موبائل ٹاورز کو بارودی مواد سے اڑا دیا گیا۔

## ایکسائز اینڈ نارکوٹکس کی کارروائی مشرقی بائی پاس سے 5 کلو منشیات برآمد

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) ایکسائز اینڈ نارکوٹکس کنٹرول کوئٹہ کے عملے نے مشرقی بائی پاس پر کارروائی کرتے ہوئے موٹر سائیکل میں چھپائی گئی 5 کلو منشیات برآمد کر کے قبضے میں لے لیا تفصیلات کے مطابق ڈائریکٹر جنرل ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن اینٹی نارکوٹکس کنٹرول کوئٹہ ذیشان رضا کی خصوصی ہدایت پر انسپکٹر منور احمد کی نگرانی میں یامین اختر، نبی داد، کانسٹیبل محمد ......... بقیہ 61 صفحہ نمبر 7 پر

اسماعیل، فراز ابراہیم، سلطان علی، محمد اجمل نے دیگر عملے کے ہمراہ مشرقی بائی پاس پر کارروائی کرتے ہوئے موٹر سائیکل قبضے میں لیکر اس میں چھپائی گئی 5 کلو منشیات برآمد کر کے قبضے میں لیکر کارروائی شروع کردی۔

CamScanner

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

ظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 5

Dated: 20 SEP 2024

Page No. 16

## گوادر، پاک ایران سرحدی روڈ بلاک کرکے زائرین کا احتجا

کانوائے کو سیکورٹی فراہم نہیں کی جارہی، اقدامات اٹھائے جائیں، زائرین کا مط

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) گوادر میں پاک ایران سرحدی روڈ کو زائرین نے احتجاجاً بند کرکے ٹریفک بلاک کردی یہاں آمدہ اطلاعات کے مطابق پاک ایران سرحد پر زائرین نے احتجاجاً روڈ بلاک کرکے احتجاج کیا زائرین کا کہنا ہے کہ ہمیں سیکورٹی فراہم نہ کرنے کے خلاف احتجاج کر ر ہیں کیونکہ زائرین کے کانوائے کو سیکورٹی فراہم کی جارہی ہے جبکہ بارڈر ٹریڈ سے وابستہ کاروب افراد کے مطابق روزانہ احتجاج کے باعث ایران سرحد پر کاروبار متاثر ہے

## لوکل کے بعد گرین بسوں میں بھی چوری کی وارداتیں

متعدد افراد موبائل فون و دیگر سامان سے محروم، نوٹس لیا جائے، شہریوں کا مط

کوئٹہ (یو این اے) کوئٹہ لوکل بسوں کے بعد کوئٹہ گرین بسوں میں بھی موبائل چوری کے واقعات میں تیزی، حالیہ دنوں میں مسافروں، خاص طور پر طالب علموں، کو نشانہ بناتے ہوئے جیب کتری کے واقعات میں اضافہ ہوا ہے۔ اب تک متعدد کے موبائل فون چوری ہوئی ہیں اور یہ مسئلہ شہ کیلئے باعثِ تشویش بن چکا ہے شہریوں کا کہ کہ ایسے ......... بقیہ 66 صفحہ نمبر

واقعات سے انہیں شدید نقصان کا سامنا کر ہے، خاص طور پر طالب علم جو اپنی پڑھائی اور ر کے لئے موبائل فون پر انحصار کرتے ہیں کو انتظامیہ سے اپیل ہے کہ وہ اس معاملے پر قابو کے لئے فوری طور پر اقدامات اٹھائیں۔

Century Express Quetta

## جناح ٹاؤن اور ملحقہ علاقوں میں رہزن سرگرم ہوگئے

نوجوان سے موٹر سائیکل چھین لی گئی، اہل علاقہ کا گشت بڑھانے کا مطالبہ

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) جناح ٹاؤن اور اطراف کے علاقے میں پولیس تھانہ کی جانب سے گشت نہ ہونے کی وجہ سے رہزن اور موٹر سائیکل چھینے والا گروہ ایک بار پھر سے سرگرم ہوگیا۔ گزشتہ روز بھی ایک نوجوان علی سے نجی سکول چورنگی کے قریب سے دن دیہاڑے مسلح رہزان موٹر سائیکل چھین کر فرار ہوگئے۔ علاقے میں وارداتیں بڑھنے سے جس کی وجہ سے اہل علاقہ پریشان ہیں علاقہ پوش علاقوں میں شمار کیا جاتا ہے۔ اہل علاقہ کے مطابق پہلے جناح ٹاؤن تھانہ کی پولیس موبائل دن اور رات گشت کرتی نظر آتی تھی اور اب پولیس گشت بھی نہ ہونے کے برابر ہے انہوں نے آئی جی پولیس سے مطالبہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ علاقے میں پولیس گشت بڑھایا جائے اور مسلح رہزن اور ڈکیتوں کے خلاف کارروائی کی جائے۔

INTEKHAB QUETTA

## بھاگ، بی آئی ایس پی کی رقم سے کٹوتی نوٹس لینے کا مطالبہ

ریٹیلر مافیا کی جانب سے لاکھوں روپے مستحق خواتین سے بٹورنے کا خدشہ ہے

لاچار بیوہ خواتین سے کٹوتی پر بی آئی ایس پی کے اعلیٰ حکام فوری نوٹس لیتے ہوئے ذمہ داری کیخلاف کارروائی کریں، عوامی حلقے

بھاگ (نامہ نگار) بھاگ میں بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کے ریٹیلر کی چاندی ہوگئی بینیفشری خواتین سے کٹوتی کا سلسلہ عروج پر اسسٹنٹ ڈائریکٹر خواب خرگوش کے مزے لینے میں معروف چیئرپرسن Bisp کیخواتین کو ریلیف کے دعوے وڑ گئے ریٹیلر مافیا کی جانب سے لاکھوں روپے مستحق خواتین سے بٹورنے کا خدشہ ہے عوامی حلقوں نے لاچار بیوہ خواتین سے کٹوتی پر BiSP. کے اعلی حکام سے فوری نوٹس لینے کا مطالبہ کردیا زرائع کے مطابق بھاگ میں بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کی رقم کی ادائیگی کے لیے قائم سنٹر میں مستحق خواتین سے رقم کی کٹوتی کا سلسلہ شور سے جاری ہے بینظیر انکم سپورٹ کی رقم۔ وصول کرنے والی خواتین سے فی کس 500 سے 2000 روپیہ وصول کیا جارہا ہے بتایا گیا ہے کہ رقم کے حصول کے لیے آنے والی خواتین کو گھنٹوں لا?نوں میں کھڑا کر کیکیش نہ ہونے کا بہانہ کیا جاتا ہے جبکہ سفارشی اور کٹوتی کروانے والی خواتین کو فوری طور پر رقم کی ادا?یگی کردی جاتی ہے شدید گرمی کی حالت میں گھنٹوں لا?ن میں کھڑی خواتین بے بس ہوکر آخر کار 500 سے 2000 روپیہ دے کر اپنی رقم وصول کرتی ہیں ریٹیلر خواتین کی تذلیل کرنیمیں کو?ی کسر نہیں چھوڑ رہےمظلوم بے بس اور لاچار خواتین نے اعلی حکام انتظامیہ کے زمہ داران سے مطالبہ کیا ہے کہ ریٹیلر کے خلاف کاروا?ی کر کے شفاف طریقے سے امدادی رقوم کی فراہمی یقینی بنا?ی جائے

Scanned with CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 6

Dated: 20 SEP 2024

Page No. 17


## ترقیاتی عمل اور معاشی سرگرمیوں میں مزید وسعت و تیزی ناگزیر

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے گزشتہ روز صوبے میں پرائیویٹ سپیشل اکنامک زون کی تشکیل سے متعلق منعقدہ اعلیٰ سطحی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے جہاں ایک بار پھر بلوچستان میں پائیدار معاشی و ترقیاتی اہداف کے حصول اور جاری منصوبوں کی جلد سے جلد تکمیل کے عزم کا اعادہ کیا ہے وہاں نے انہوں نے بلوچستان میں سرمایہ کاری کے فروغ کے حوالے سے بھی دوٹوک اقدامات کا عزم ظاہر کیا ہے اور کہا ہے کہ بلوچستان سرمایہ کاری کے لئے موزوں خطہ ہے صوبے میں معاشی واقتصادی سرگرمیوں میں تیزی اور نجی شعبہ میں روزگار کے مواقع کی فراہمی کے لئے سرکاری سطح پر خصوصی اکنامک زون کی تشکیل کے ساتھ نجی اکنامکس زون کی حوصلہ افزائی کی جارہی ہے انہوں نے کہا کہ صوبے میں سرمایہ کاری کے فروغ کیلئے نجی شعبہ کو ون ونڈو آپریشن کے تحت سہولیات فراہم کی جائیں گی اور ہر ممکن معاونت کی جائے گی۔ اس ضمن میں نجی اکنامک زون کی تشکیل کے لئے قابل عمل منصوبوں پر عمل درآمد کی غرض سے صوبائی حکومت نجی شعبے سے ہر ممکن تعاون کرے گی۔ وزیراعلیٰ بلوچستان نے محکمہ انڈسٹریز کے حکام کو ہدایت کی کہ مختلف شعبوں میں صوبائی سطح کی این او سیز کا اجراء بلاتاخیر کیا جائے تاکہ نجی شعبہ تشکیل دیئے گئے منصوبوں پر عمل درآمد کا آغاز کر سکے۔ ہم وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کے عزم کو سراہتے ہوئے اس امید کا اظہار کرتے ہیں کہ ان کی زیر قیادت موجودہ مخلوط صوبائی حکومت صوبے میں تعمیر و ترقی کے جاری سفر کو تیز تر بنانے کے حوالے سے فعال و متحرک کردار ادا کرے گی وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی اس حوالے سے پوری طرح پرعزم سنجیدہ اور عملی طور پر کوشاں ہیں اسی طرح اگر وفاقی حکومت کی بات کی جائے تو بھلے بلوچستان ماضی میں مختلف وجوہات کی بناء پر تعمیر و ترقی کے سفر میں باقی صوبوں سے قدرے پیچھے اور نسبتاً زیادہ پسماندہ رہا ہو جس کے باعث مختلف مسائل کا بھی جنم ہوا مگر اب لمحہ موجود میں بلوچستان کے دیرینہ مسائل کے حل اور پائیدار ترقیاتی و معاشی اہداف کے حصول کے لئے غیر معمولی اقدامات کا سلسلہ دوام پذیر ہے جسے عوامی سطح پر بھی بہت سراہا جارہا ہے اس وقت جو اقدامات جاری ہیں انہیں دیکھتے ہوئے اس امید کا اظہار کیا جارہا ہے کہ آنے والے برسوں میں بلوچستان میں نمایاں ترقی ہوگی اور یہ ترقی نہ صرف معاشرتی بلکہ معاشی بھی ہوگی کیونکہ گوادر میں گہرے پانیوں کی بندرگاہ کی تعمیر و فعالیت، پاک چین اقتصادی راہداری کے عظیم الشان منصوبے میں گوادر کی اہمیت وافادیت اور کلیدی حیثیت کے ساتھ ساتھ اس وقت وفاق اور صوبہ باہم مل کر مختلف شعبوں میں نمایاں کام کر رہے ہیں جن کی نظیر ماضی میں نہیں ملتی۔ بلوچستان ملک کا اہم صوبہ ہے جسے اللہ تعالیٰ نے ہر طرح کی نعمتوں، وسائل اور خزائن و مواقع سے مالا مال اور سرفراز فرمایا ہے یہ اور بات ہے کہ یہاں موجود مواقع اور وسائل سے ہم نے خاطر خواہ استفادے کے لئے بروقت اقدامات نہیں اٹھائے اور نہ ہی اس حوالے سے بروقت منصوبہ بندی کی البتہ اب گزشتہ کچھ عرصے سے بلوچستان میں سرمایہ کاری کے فروغ و بڑھوتری اور صوبے کی تعمیر و ترقی کے حوالے سے غیر معمولی اقدامات کا سلسلہ جاری ہے جو قابل ستائش ہے اس حوالے سے وزیراعظم شہباز شریف کی قیادت میں موجودہ حکومت پوری طرح کوشاں اور سنجیدگی سے عملی اقدامات اٹھا رہی ہے صوبے کی تعمیر و ترقی کے لئے وفاق اور صوبائی حکومت ایک پیج پر ہے اور مشترکہ کاوشوں و کوششوں کا سلسلہ جاری ہے ہر چند کہ صوبے میں تعمیر و ترقی کے اقدامات اور جاری سفر کی راہ میں بیرونی شہ پر رکاوٹیں بھی حائل ہوتی رہی ہیں تاکہ بلوچستان کی تعمیر و ترقی کو متاثر کر کے پاکستان کی ترقی کو متاثر کیا جاسکے مگر قومی قیادت اس حوالے سے پوری طرح پرعزم اور سنجیدہ ہے بلوچستان کی ترقی کو اب کوئی نہیں روک سکتا اس جانب وفاقی وزیر منصوبہ بندی و ترقی احسن اقبال نے بھی گزشتہ روز اشارہ کیا ہے اور کہا ہے کہ بلوچستان کے نوجوانوں کو پرفریب نعروں سے بھڑکانے والے کبھی اپنے مقاصد میں کامیاب نہیں ہوں گے بلوچستان پاکستان کے ماتھے کا جھومر ہے انہوں نے کہا ہے کہ ہمیں ماضی کی کوتاہیوں کا احساس ہے اور مسلم لیگ (ن) کی حکومت نے بلوچستان کی ترقی کو ہمیشہ اولین ترجیح دی ہے انہوں نے دو ہزار تیرہ سے اٹھارہ تک مسلم لیگ نون کی حکومت کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ اس دوران اس وقت وزیراعظم نواز شریف نے بلوچستان کی ترقی کو پاکستان کی ترقی قرار دیا تھا، ہم نے ہزاروں کلومیٹر طویل شاہراہیں تعمیر کیں، سکول، کالج اور یونیورسٹیاں بنائیں، صوبہ کے طلباء کے لیے پانچ ہزار سکالرشپس دیں تاکہ وہاں کا نوجوان ملک کی بہترین یونیورسٹیوں میں تعلیم حاصل کر سکے ان کا کہنا تھا کہ اگر دو ہزار اٹھارہ میں جب ملک تبدیلی کا شکار ہوا تو نہ صرف بلوچستان بلکہ پورے پاکستان کی ترقی کا پہیہ رک گیا ہم نے دوبارہ حکومت میں آکر صرف دس ماہ کے دوران ایران سے بجلی کی فراہمی کا منصوبہ مکمل کرلیا اور گوادر بندرگاہ کو چار ارب روپے کی لاگت سے دوبارہ گہرے پانیوں کی بندرگاہ بنا دیا چار سال میں گوادر سے صرف چار پانچ لاکھ ٹن تجارتی سامان کی ہینڈلنگ کی گئی تھی جبکہ ہم نے صرف سولہ ماہ کے دوران پندرہ لاکھ ٹن سے زیادہ سامان کی ہینڈلنگ کر کے بندرگاہ کو بحالی کی راہ پر گامزن کر دیا وزیراعظم محمد شہباز شریف نے ہدایت کی ہے کہ پبلک سیکٹر کی تمام کارگو ہینڈلنگ گوادر سے کی جائے۔ احسن اقبال نے کہا کہ اس وقت ملک کے دیگر صوبوں اور پنجاب کے مقابلہ میں بھی سب سے زیادہ ایک کھرب تیس ارب روپے کے ترقیاتی فنڈز بلوچستان کو دیئے جارہے ہیں، ہم ترقی کے لیے جامع اقدامات کر رہے ہیں بلوچستان کی ترقی کی استعداد اور ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل سے بلوچستان ملک کا خوشحال ترین صوبہ ہوگا کوئی شک نہیں کہ بلوچستان میں اس وقت وفاقی اور صوبائی ترقیاتی پروگرام کے تحت مختلف شعبوں میں جن منصوبوں پر کام جاری ہے ان منصوبوں کی تکمیل سے صوبے میں ایک نئے عہد کی شروعات ہوں گی تاہم وقت کی ضرورت اور حالات کا تقاضا یہ ہے کہ بلوچستان میں جاری ترقیاتی عمل کو مزید وسعت دی جائے اور اس میں تیزی لائی جائے سرمایہ کاری کے فروغ کے حوالے سے موجودہ حکومت بہتر انداز میں آگے بڑھ رہی ہے اسی طرح مختلف شعبوں میں جدت و بہتری اور ریفارمز کا سلسلہ بھی خوش آئند ہے ہمیں قوی امید ہے کہ آنے والے چند برسوں میں بلوچستان نہ صرف باقی صوبوں کے برابر آجائے گا بلکہ یہاں کے عوام بھی ترقی و خوشحالی کے ثمرات سے مستفید ہوں گے اور مجموعی قومی معیشت ترقی و خوشحالی میں بھی اس صوبے کا نمایاں اور بہترین کردار ہوگا۔

Scanned with CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily

Bullet No. 6 Dated 20 SEP 2024 Page No. 18

# بلوچستان: ترقیاتی اہداف اور معاشی سرگرمیوں کا فروغ

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے محکمہ انڈسٹریز کو ہدایت کی ہے کہ صوبائی سطح پر جتنی بھی این او سیز ہیں ان کا بلا تاخیر اجراء یقینی بنایا جائے تاکہ نجی شعبہ تشکیل دیئے گئے منصوبوں پر عملدرآمد کا آغاز کر سکے یہ ہدایت انہوں نے اس اعلیٰ سطحی اجلاس میں دی ہے جس میں صوبائی وزیر منصوبہ بندی و ترقیات میر ظہور بلیدی، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان، ایڈیشنل چیف سیکرٹری (ترقیات) سمیت دیگر اعلیٰ حکام نے شرکت کی یہ اجلاس وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت صوبے میں پرائیویٹ اسپیشل اکنامک زون کی تشکیل سے متعلق تھا اجلاس کے شرکاء کو متعلقہ حکام نے تربت میں نجی اکنامک زون کے مجوزہ منصوبے پر وزیراعلیٰ کو بریفنگ دی اس موقع پر اظہار خیال کرتے ہوئے وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان سرمایہ کاری کے لئے موزوں خطہ ہے صوبے میں معاشی و اقتصادی سرگرمیوں میں تیزی اور نجی شعبہ میں روزگار کے مواقعوں کی فراہمی کے لئے سرکاری سطح پر خصوصی اکنامک زون کی تشکیل کے ساتھ نجی اکنامکس زون کی حوصلہ افزائی کی جارہی ہے انہوں نے کہا کہ صوبے میں سرمایہ کاری کے فروغ کے لئے نجی شعبہ کو ون ونڈو آپریشن کے تحت سہولیات فراہم کی جائیں گی اور ہر ممکن معاونت کی جائے گی۔ اس ضمن میں نجی اکنامک زون کی تشکیل کے لئے قابل عمل منصوبوں پر عمل درآمد کی غرض سے صوبائی حکومت نجی شعبے سے ہر ممکن تعاون کرے گی۔ وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے گزشتہ چند مہینوں کے دوران جہاں سروس ڈیلیوری کے نظام کو بہتر اور سہل بنانے، سائلین کی بروقت دادرسی، تعلیم، صحت اور دیگر شعبوں میں اصلاح و بہتری کے لئے نمایاں اقدامات اٹھائے اور اہم فیصلے کئے ہیں وہاں وہ صوبے میں معاشی سرگرمیوں کے فروغ کے حوالے سے بھی پرعزم بھی ہیں اور عملی طور پر کوشاں بھی ہیں بلوچستان اگرچہ مختلف وجوہات کی بناء پر ماضی میں ترقی کے سفر میں باقی صوبوں سے قدرے پیچھے رہ گیا اور اس دوران یہاں مختلف النوع مسائل کا جنم ہوا جس کا فائدہ اٹھا کر بعض عناصر کو پروپیگنڈے کا بھی موقع ملتا رہا اور صوبے میں سیاسی مسائل نے بھی جنم لیا مگر گزشتہ کچھ عرصے سے بلوچستان میں تعمیر و ترقی کے حوالے سے خصوصی اقدامات کا سلسلہ جاری ہے بلوچستان کی اگر بات کریں تو یہ صوبہ اگرچہ آبادی کے لحاظ سے باقی صوبوں کے مقابلے میں چھوٹا ہے مگر اس کا رقبہ وسیع ہے وسیع رقبے پر پھیلی ہوئی انسانی آبادیوں تک وسائل کی فراہمی مشکل کام ہے اس صوبے کو اللہ تعالیٰ نے خوب نوازا ہے یہاں ہر طرح کے قیمتی معدنی وسائل وافر مقدار میں موجود ہیں صوبے کے پاس طویل ساحلی پٹی بھی ہے اور دو ہمسایہ ممالک کے ساتھ اس کی سرحد بھی لگتی ہے مگر یہ بات کسی المیے سے کم نہیں کہ اس قدر وسائل اور مواقع کے باوجود یہ صوبہ ماضی میں بہتر منصوبہ بندی نہ ہونے کے باعث آج مسائل میں گھرا ہوا ہے یہاں غربت و پسماندگی زیادہ ہے اور چونکہ خود صوبائی حکومت کے پاس بھی وسائل کی کمی ہے اس لئے عوام کی طرز زندگی میں بدلاؤ اور تعمیر و ترقی کے اہداف کے حصول کے لئے منصوبوں پر اس تیزی سے کام نہیں ہو رہا جس کی ضرورت ہے مگر اس کا یہ مطلب بھی ہرگز نہیں کہ خدانخواستہ حکومت نے اس ضرورت کو محسوس نہیں کیا ہر سال کے وفاقی بجٹ میں بلوچستان کے لئے اچھے خاصے فنڈز اور منصوبے رکھے جاتے ہیں اسی طرح صوبائی حکومت بھی دستیاب وسائل کو بروئے کار لاتے ہوئے ترقی کے اہداف کے حصول کے لئے کوشاں ہے صوبے پاس پیداواری شعبوں میں بہت زیادہ مواقع ہیں علاوہ ازیں یہاں سرمایہ کاری کے بھی وسیع امکانات ہیں سرمایہ کاری کے فروغ کے لئے موجودہ حکومت بھلے وہ وفاقی حکومت ہو یا پھر صوبائی حکومت کوشاں ہے بلوچستان میں زرعی شعبہ مسائل میں گھر ہوا ہے لائیوسٹاک ماہی گیری بھی مسائل میں گھرے ہوئے ہیں ان شعبوں میں سرمایہ کاری کے بہت امکانات اور مواقع موجود ہیں اسی طرح معدنی شعبے، توانائی اور دیگر شعبوں میں بھی وسیع امکانات اور مواقع موجود ہیں اور یہ بات انتہائی مستحسن اور قابل ستائش ہے کہ موجودہ حکومت اس حوالے سے نہ صرف وقت کی ضرورتوں اور حالات کے تقاضوں سے پوری طرح آگاہ ہے بلکہ دوٹوک اقدامات کا سلسلہ بھی جاری ہے وزیراعلیٰ بلوچستان کے ہدایات و احکامات پر عمل پیرا ہو کر انڈسٹریز ڈیپارٹمنٹ این او سیز کے جلد اور فوری اجراء کو یقینی بنائے تو اس سے فی الواقعی نجی شعبہ آگے بڑھ کر معیشت و معاشرت کی ترقی و استحکام میں اپنا فعال کردار ادا کرے گا وفاقی حکومت بھی صوبے کے ساتھ اس حوالے سے بھرپور معاونت کر رہی ہے سی پیک کی بدولت بلوچستان میں صنعتی تجارتی اور معاشی سرگرمیاں فروغ پا رہی ہیں ترقی کا نیا دور شروع ہو رہا ہے اور یہ بات قابل ستائش ہے کہ وفاقی اور صوبائی حکومت اس حوالے سے اقدامات اٹھا رہی ہے ہمیں امید ہے کہ آنے والے برسوں میں نہ صرف بلوچستان کی تعمیر و ترقی کے اہداف حاصل ہوں گے بلکہ بلوچستان کے لوگوں کے طرز زندگی میں بھی نمایاں تبدیلی آئے گی اور بلوچستان نہ صرف اپنے پیروں پر کھڑا ہوگا بلکہ اس قابل بھی ہوگا کہ مجموعی قومی معیشت میں بھی اپنا کلیدی کردار ادا کر سکے پس جہاں اس بات کی ضرورت ہے کہ جاری اقدامات کا سلسلہ جاری رکھا جائے وہاں اس بات کی بھی اشد ضرورت ہے کہ جاری اقدامات میں مزید وسعت لائی جائے اور ترقیاتی منصوبوں پر کام کی رفتار مزید تیز کی جائے

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. Dated: 20 SEP 2024 Page No.



لہڑی، صوبائی وزیر میر محمد صادق عمرانی، صوبائی وزیر بلدیات سردار سرفراز چاکر ڈومکی کی وفات پر لواحقین سے تعزیت اور فاتحہ خوانی کر رہے ہیں



صوبائی وزیر پی ایچ ای سردار عبدالرحمن کھیتران آبائی گاؤں پہنچنے پر علاقہ مکین سے مصافحہ کر رہے ہیں

Scanned with CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN


نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Century Express Quetta

Bullet No.

Dated: 20 SEP 2024

Page No.

چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان کو سینئر ایڈوائزر وفاقی محتسب
غلام سرور بروہی سالانہ رپورٹ پیش کر رہے ہیں